لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۰ ربیع الثانی ۱۳۳۶ھ مطابق ۱۱ فروری ۱۹۱۸ء	نمبر ۶

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایوں بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۵ فروری ۱۹۱۸ء

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

دستور العمل منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

اعلیحضرت بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — میر سامنہ

جنابعالی

حافظ محمد ابراہیم صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار کے تقرر کے وقت عرض ہوا تھا

کہ علاوہ تنخواہ دو سو روپیہ ماہوار ہنگام دورہ بیرونجات اُن کو دو روپیہ یومیہ بھتہ دیا جائے گا ۔ اُسوقت اتفاقاً یہ بات نظر انداز ہوگئی کہ موافق سرکلر بھتہ مجریہ ریاست دو سو روپیہ کے ملازم کو تین روپیہ یومیہ بھتہ ملتا ہی ۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار کی تحریر منسلکہ سے اب یہ بات دریافت ہوئی لہذا ذریعۂ عرضداشت ہذا گذارش ہی کہ بوجہ مذکورۂ بالا صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار کو یوم تقرر سے بجائے دو روپیہ یومیہ کے تین روپیہ یومیہ بھتہ عطا ہونے کی منظوری صادر ہو کر اجرائے احکام کیلئے ارشاد نافذ فرمایا جائے ۔ زیادہ حد ادب

دستخط نواب عبدالمجید خاں ریونیو سکرٹری
۲۰ فروری ۱۹۱۸ء

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر
رخصت
۲ فروری ۱۹۱۸ء

خورشید حسن پیشکار سررشتہ انہار کی رخصت ۲ فروری ۱۹۱۸ء سے ۱۱ فروری تک بغرض شرکت شادی و ادائے شہادت بعدالت سشن مجسٹریٹ منظور کی گئی ۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر
واقع ۲ فروری ۱۹۱۸ء

دربارہ انتظام آسامی حافظ اسمٰعیل مرحوم اہلمد اجلاس نظامت یہ کاغذات پیش ہوئے ۔ حافظ اسمٰعیل اہلمد نظامت مشاہرہ دار بائیس روپیہ ماہوار کا انتقال ہو گیا ہے ۔ جسکے اخراج نام کی بابت بخشیگری کو جداگانہ حکم بھیجا گیا ہے ۔ ناظم صاحب نے منجملہ دیگر انتظامات کے بجائے اہلمد متوفی احمد رضا خاں محرر سرسری ملک کے تبادلہ کی بھی سفارش کی ہے اور زبانی بھی سفارش کی تھی ۔ لہذا

حکم ہوا کہ

بجائے حافظ اسمٰعیل اہلمد متوفی کے احمد رضا خاں محرر سرسری ملک کا تبادلہ کیا جائے ۔ اور آئندہ احمد رضا خاں کو اہلمدی نظامت پر بائیس روپیہ ماہوار تنخواہ دی جائے ۔ بجائے احمد رضا خاں کے امیر حسن امیدوار کا تقرر امتحاناً چھ ماہ کیواسطے منظور کیا جاتا ہی اس عرصہ میں امیر حسن وہی تنخواہ پائے جو احمد رضا خاں محرر سرسری ملک پاتا تھا ۔ بعد چھ ماہ تحصیلدار رپورٹ بھیجیں کہ امیر حسن نے کیا کام کیا ۔ اُسوقت نسبت مستقلی وغیرہ حکم مناسب ہوگا ۔ احکام جاری ہوں ۔

دستخط ریونیو سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر
اندراج اسماء جرائم پیشہ
۲۰ فروری ۱۹۱۸ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس حلیہ مع اسماء اقوام ڈلیرہ جرائم پیشہ مندرجہ رجسٹر تھانہ ملک کا درج گزٹ کیا گیا ۔

حلیہ اقوام ڈلیرہ جرائم پیشہ مندرجہ رجسٹر تھانہ ملک ۔

نمبر شمار	نام مع ولدیت و قومیت	سکونت	حلیہ	کیفیت
۱	بلدیو ولد نیت رام قوم ڈلیرہ	موضع کوب	سیاہ رنگ گول چہرہ کشادہ ابرو و پیشانی دونوں کان چھدے ہوئے بائیں کان کی گدیا پھٹی ہوئی عمر پچاس سال ۔	
۲	رامدیال ولد بھول عرف بھول سنگھ عرف بدھال ڈلیرہ	〃	سانولہ رنگ گول چہرہ آنکھ ناک ابرو کشادہ بدہ بائیں بھوں کے اوپر ایک سیاہ ۔ گردن پر بائیں جانب	

نمبر	نام مع ولدیت و قومیت	[illegible]	حلیہ	کیفیت
			چیچک کے داغ نیلے گودے ہوئے دونوں کان چھدے ہوئے۔ عمر چھتیس ۳۶ سال۔	
۳	گول ولد لوڈھا ڈلیرہ	موضع کوپ		اس ڈلیرہ کا حلیہ طور درج نہیں کر
۴	گوبند عرف گوبندا ولد ٹیکا رام ڈلیرہ	″	سانولہ رنگ کتابی چہرہ کشادہ پیشانی اوسط قد منہ پر چھائیاں پڑی ہوئی دونوں کان چھدے ہوئے منہ پر مختلف مقامات پر تل سیاہ عمر پچیس ۲۵ سال۔	
۵	رامسکہ عرف رام سنگھ ولد ٹیکا رام ڈلیرہ	″	سیاہ رنگ گول چہرہ آنکھ ناک اوسط کشادہ ابرو دونوں کان چھدے ہوئے بائیں کان کی برابر ایک نشان چوٹ بائیں ران کے اوپر ایک نشان پھوڑا بقدر ایک روپیہ عمر تینتیس ۳۳ سال۔	
۶	ڈھو ولد ٹیکا رام ڈلیرہ	″	سانولہ رنگ فراخ پیشانی کشادہ ابرو آنکھیں ناک وسط بائیں کنپٹی پر چار تل سیاہ بائیں جانب گردن پر دو تل سیاہ سینہ پر ایک تل سیاہ بڑا بائیں جانب بغل پر چار نشانات برص کے چھوٹے دہنے پاؤں کی پنڈلی پر ایک نشان پھوڑے کا اوسط قد اکہرا جسم عمر ساٹھ سال	
۷	بدھو عرف بدھوا عرف سیکا ولد جھنگی ڈلیرہ۔	″	سانولہ رنگ لانبا چہرہ آنکھ ناک اوسط دونوں کان چھدے ہوئے آنکھیں بڑی بائیں جانب گردن پر ایک تل سیاہ بائیں ران پر ایک نشان پھوڑا بقدر اشنی اکہرا جسم عمر ۴۵ سال	
۸	کلو عرف بھوپال عرف بھوپا عرف بھول سنگھ ولد بھلو عرف نتے ڈلیرہ	″	سیاہ رنگ لانبا چہرہ آنکھیں بڑی بائیں آنکھ کے نیچے ایک مسہ سیاہ اور بھوں کے اوپر تل سیاہ۔ دونوں کان چھدے ہوئے بائیں کان کے اوپر ایک مسہ سیاہ عمر ۲۹ سال	
۹	موہن عرف پورن ولد نند رام عرف تنگو رام عرف کھنڈو ڈلیرہ	″	سانولہ رنگ گول چہرہ چیچک رو کشادہ ابرو دہنے کان کے اوپر ایک مسہ سیاہ دونوں کانوں کی گدیاں چھدی ہوئی۔ اکہرا جسم عمر ۲۰ سال	
۱۰	موتی ولد ہولاسی ڈلیرہ	″	سانولہ رنگ گول چہرہ فراخ پیشانی داڑھی ندارد مونچھیں رکھتا ہے عمر تحریر نہیں ہے۔	
۱۱	سلوا عرف ریوتی عرف بیکھراج عرف رام سنگھ عرف لالہ رام عرف چنی عرف نتھو عرف کنجو عرف موہن عرف بری عرف چندا ولد جنا عرف چمن عرف چوکھو عرف ملا عرف بلا عرف نیت رام عرف منا عرف رام لال عرف ترل عرف نند رام ڈلیرہ۔	″	سانولہ رنگ لانبا چہرہ فراخ پیشانی کشادہ ابرو آنکھ ناک اوسط بائیں آنکھ کی برابر دو نشان پھوڑے کے عمر ۳۰ سال۔	
۱۲	بیراج عرف گوپال عرف چوری ولد درجن عرف چندو عرف جسی ڈلیرہ	″	سانولہ رنگ گول چہرہ آنکھ ناک اوسط دہنی کنپٹی پر ایک داغ پھوڑے کا دونوں کان چھدے ہوئے بائیں ران پر ایک داغ پھوڑے کا بقدر ایک روپیہ بائیں ہاتھ کی کلائی پر نشان پھوڑا۔ عمر ۲۷ سال	

نمبر شمار	نام مع ولدیت و قومیت	سکونت	حلیہ	کیفیت
۱۳	چھوٹے ولد جن ڈلیرہ	کوپ	گندم رنگ گول چہرہ آنکھ ناک اوسط دونوں کان چھدے ہوئے دہنی آنکھ کے اوپر ایک نشان پھوڑا اور اسی آنکھ کے نیچے ایک تل سیاہ عمر ۲۲ سال۔	
۱۴	بدھا ولد لچھمن	〃	×	اس ڈلیرہ کا حلیہ رجسٹر میں درج نہیں ہے

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۸ فروری ۱۹۱۸ء

حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس وصی حیدر شاہ حوالدار آٹھ روپیہ ماہوار کو دو روپیہ ماہوار اضافہ دیکر بجائے فضل شاہ ہیڈ کانسٹبل متوفی ہیڈ کانسٹبل مقرر کیا گیا۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۴ لغایت ۱۰ فروری ۱۹۱۰ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶ مار	۰۶ مار	۷ مار	۰۶ مار	۷ مار	۰۶ مار	
نخود خالص	۸ مار	۱۰ مار	۱۱ مار	۱۰ مار	۱۲ مار	۱۰ مار	
نخود کسہ آمیز	۹ مار	۱۱ مار	۱۲ مار	۱۱ مار	۰۱۲ مار	۱۱ مار	
کستہ	۱۱ مار			۰۱۱ مار	۱۳ مار	۰۱۱ مار	
ماش	۵ مار	۸ مار	۸ مار	۰۷ مار	۸ مار	۸ مار	
مونگ	۰۸ مار	۰۸ مار	۸ مار	۰	۸ مار	۹ مار	
مکا	۱۱ مار	۱۱ مار	۱۲ مار	۰۱۲ مار	۱۳ مار	۱۱ مار	
جئی	۱۳ مار	۰	۰	۰	۱۵ مار	۰۱۳ مار	
گوجئی	۰	۰	۰	۰	۱۰ مار	۱۲ مار	
عدس	۰۹ مار	۰	۸ مار	۰	۰۹ مار	۰	
ارہر	۱۱ مار	۹ مار	۰	۰	۰۱۳ مار	۰	
برنج	۶ مار	۶ مار	۰۶ مار	۰۷ مار	۰۶ مار	۶ مار	
روغن زرد	۰ ر مار	۰ ر مار	۰ ر مار	۰ ر مار	۰ ر مار	۰ ر مار	
روغن سیاہ	۲ مار	۲ مار	۲ مار	۲ مار	۲ مار	۲ ر مار	
روغن کنجد	۲ مار	۰۱ مار	۲ مار	۲ مار	۰۱ مار	۲ مار	
نمک سانبھر	۵ مار	۶ مار	۰۶ مار	۵ مار	۶ مار	۶ مار	
نمک لاہوری	۰۵ مار	۰	۵ مار	۴ مار	۰۶ مار	۶ مار	
قند سیاہ	۴ مار	۶ مار	۵ مار		۶ مار	۶ مار	
باجرہ	۹ مار	۰۵ مار	۹ مار	۹ مار	۰۱۰ مار	۹ مار	